# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 20 March-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آ کاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۰ ؍مارچ ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

:::::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ بھیم UPI کے ذریعے چھوٹے کاروباروں کو فروغ دینے کیلئے مرکزی حکومت کی ترغیبی اسکیم۔

☆ چھترپتی شیواجی مہاراج سے متعلق بھارت گورو ریلوے شروع کرنے کا مرکزی حکومت کا فیصلہ۔

☆ مہاراشٹر میں جرائم میں کمی؛ جرائم کے معاملے میں ملک میں آٹھویں نمبر پر: وزیرِ اعلیٰ کی اطلاع۔

☆ چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع انتظامیہ کی ''ضلع کلکٹر تحصیل دروازے پر'' مہم۔

اور۔۔۔☆ پیٹھن میں آج سنت ایکناتھ مہاراج کی ناتھ ششٹھی تقریب۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

بھیم UPI کے ذریعے چھوٹے کاروباروں کو فروغ دینے کیلئے مرکزی حکومت نے ترغیبی اسکیم چلانے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ اطلاع مرکزی وزیرِ اطلاعات و نشریات اشونی ویشنو نے کل کابینہ کی میٹنگ کے بعد دی۔ انھوں نے کہا کہ اس اسکیم کے تحت کم رقم کے ہر ایک لین دین پر صفر اعشاریہ پانچ فیصد مراعات دی جائیں گی۔ یہ اُصول دو ہزار روپئے تک کے لین دین پر لاگو ہوگا۔ ویشنو نے کہا کہ اس فیصلے سے چھوٹے تاجر بغیر کسی اضافی قیمت کے UPI خدمات حاصل کر سکیں گے۔

مرکزی کابینہ نے نئی ممبئی میں جواہر لعل نہرو بندرگاہ اتھاریٹی JNPA کی گرین فیلڈ ہائی وے کو منظوری دی جو JNPA بندرگاہ کو نوی ممبئی بین الاقوامی ہوائی اڈے سے جوڑے گا۔ کابینہ نے نظرِ ثانی شدہ گوکل مشن کے نفاذ کو بھی منظوری دی۔ ویشنو نے اس یقین کا اظہار کیا کہ اس سے دودھ کی پیداوار میں اضافہ ہوگا اور دودھ پیدا کرنے والوں کی آمدنی میں بھی اضافہ ہوگا۔

***** ***** *****

مرکزی حکومت نے چھترپتی شیواجی مہاراج سے منسلک مقامات کو جوڑنے والی بھارت گورو ریلوے شروع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزیرِ ریلوے اشونی ویشنو نے کل لوک سبھا میں یہ اطلاع دی۔ اس سے متعلق شیوسینا اُدھو بالا صاحب ٹھاکرے پارٹی کے رکنِ پارلیمان اروند ساونت نے سوال کیا تھا۔ اس کا جواب دیتے ہوئے وزیرِ ریلوے نے کہا کہ ملک کے کئی بڑے شہروں میں ریلوے اسٹیشنوں کی استعداد بڑھانے کا کام بھی جاری ہے

***** ***** *****

وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے بتایا کہ مہاراشٹر میں پچھلے سال جرائم میں کمی آئی ہے۔ وہ کل اسمبلی میں بجٹ کے محکمہ داخلہ کو گرانٹس پر بحث کا جواب دے رہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ جرائم ثابت کرنے کی شرح جو 10 فیصد سے کم تھی اب بڑھ کر 50 فیصد ہوگئی ہے اور حکومت اس شرح کو 75 فیصد تک بڑھانے کا ہدف رکھتی ہے۔ وزیرِ اعلیٰ نے کہا کہ مہاراشٹر جرائم کے معاملے میں ملک میں آٹھویں نمبر پر ہے۔

وزیرِ اعلیٰ نے قانون ساز کونسل میں بتایا کہ سوشل میڈیا کے بڑھتے ہوئے اثر کو ذہن میں رکھتے ہوئے مہاراشٹر سروس کنڈکٹ رولز میں اگلے تین مہینوں میں ترمیم کی جائیگی۔ سرکاری ملازمین کی جانب سے سوشل میڈیا کے بڑھتے ہوئے استعمال کے بارےمیں ایک دلچسپ تبصرہ رکن ڈاکٹر پرینئے پھوکے، پروین دریکر اور وِکرم کاڑے نے پیش کی۔ وزیرِ اعلیٰ نے کہا کہ سخت قوانین کی ضرورت ہے تاکہ سرکاری ملازمین سوشل میڈیا کا استعمال صرف عوام سے رابطے اور مفادِ عامہ کیلئے کریں۔ انھوں نے کہا کہ وہ سوشل میڈیا کے حوالے سے واضح رہنماء خطوط تیار کریں گے۔

***** ***** *****

ریاستی وزیر برائے توانائی میگھنا ساکورے بورڈیکر نے کل قانون ساز کونسل میں کہا کہ ریاست میں بجلی کی پیداوار کو بہتر بنانے کیلئے جدید ٹکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے مرحلہ وار نئے منصوبوں پر عمل درآمد کیا جارہا ہے اور مستقبل میں بجلی کی فراہمی کو مزید مؤثر بنایا جائے گا۔

وزیرِ صحت پرکاش آبٹکر نے بتایا کہ ریاست میں تشخیصی لیباریٹریز کیلئے الگ قانون متعارف کرایا جائے گا۔ انھوں نے کہا کہ اگر غیر قانونی طور پر اس طرح کی جانچ کررہا ہے تو اس کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔ انھوں نے کہا کہ یہ قانون اس بات کو ممکن بنائے گا۔

***** ***** *****

رکنِ اسمبلی سنجنا جادھو نے مطالبہ کیا ہے کہ کنڑ تعلقہ کو سیاحتی مقام کا درجہ دیا جائے۔ وہ بجٹ کے سبسڈی کے مطالبات پر بحث پر بول رہی تھیں۔ انھوں نے کہا کہ حکومت کو ''سودیش درشن اور پرساد'' اسکیموں کا استعمال کرتے ہوئے سیاحت کی ترقی کیلئے بنیادی ڈھانچہ فراہم کرنا چاہیے۔

***** ***** *****

رکنِ اسمبلی کیلاش پاٹل نے کل اسمبلی میں مطالبہ کیا کہ مراٹھواڑہ کو ندی جوڑ منصوبے سے پانی فراہم کرتے وقت دھاراشیو، لاتور اور بیڑ اضلاع کا حصہ طئے کریں۔ انھوں نے کہا کہ اس کام کیلئے وقت کی حد مقرر کرنا ضروری ہے۔ انھوں نے مانجرا اور تیرنا پر کولہا پوری ڈیم کو بیراجوں میں تبدیل کرنے کا بھی مطالبہ کیا۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

وزیرِ زراعت مانک راؤ کوکاٹے نے کل اسمبلی میں کہا کہ قدرتی آفات سے متاثر کسانوں کو معاوضہ کی رقم 31 مارچ تک ادا کردی جائے گی۔ راجیش وِٹیکر نے اس سلسلے میں ایک دلچسپ تجویز بھی پیش کی۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع انتظامیہ نے ایک اختراعی پہل ''ضلع کلکٹر تحصیل دروازے پر'' شروع کی ہے۔ اس پہل کے تحت ضلع کے شہری کلکٹر سے تعلقہ سطح کے نظام کے ذریعے براہِ راست رابطہ کرسکیں گے۔ اس طرح شہریوں کی شکایات کو تیزی سے دور کرنے میں مدد ملے گی۔

***** ***** *****

پیٹھن میں آج سنت ایکناتھ مہاراج کی ناتھ ششٹھی تقریب منائی جارہی ہے۔ اس تقریب کیلئے ریاست کے مختلف حصوں سے کئی چھوٹی بڑی دِنڈیاں پیٹھن میں داخل ہوئی ہیں۔ اس موقع پر ناتھ مندر میں کیرتن اور چھبینا ریلی سمیت سمیت مختلف پروگرام منعقد کیے گئے ہیں۔

چھترپتی سمبھاجی نگر کے اورنگ پورہ کے ناتھ مندر میں بھی کیرتن سمیت مختلف مذہبی تقاریب کا انعقاد کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

ناسک میں کل روایت کے مطابق رنگ پنچمی کا تہوار منایا گیا۔ پیشوا کے دور کے زیرِ زمین حوض کی پوجا کر کے ان میں قدرتی رنگ بنائے گئے۔ دوپہر دو بجے کے قریب شہر کے وسطی حصے کے حوض سے تہوار کا آغاز ہوا۔

پنڈھر پور میں وِٹھل رکمنی مندر میں بھی رنگ پنچمی منائی گئی۔ دھاراشیو ضلع کے تلجا بھوانی مندر میں عقیدت مندوں نے رنگ پنچمی منائی۔

***** ***** *****

احمد نگر ضلع کے مڈھی میں سنت کانی ناتھ کے سنجیونی سمادھی کے درشن کیلئے عقیدت مندوں نے بھیڑ لگا دی تھی۔ روایتی ڈھول تاشے اور دَف کی آواز سے علاقہ گونج اُٹھا تھا۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھا جی نگر میں مراٹھواڑہ ایکسلیٹر فار گروتھ اینڈ انکیوبیشن کونسل - نے MAGIC انکیوبیشن سینٹر کے پہلے اسٹارٹ اپ کیڑے مار دوا کے اسپرے کا کاروباری شخصیت بل گیٹس نے نوٹس لیا ہے۔ بزرگ صنعت کار آشیش گاردے نے ایک اطلاعی کانفرنس میں یہ جانکاری دی۔ انجینئرنگ کی تعلیم حاصل کرنے والے نوجوان محقق یوگیش گاونڈے نے اس اسٹارٹ اپ کے ذریعے نیوسولا رسپرے بنایا ہے۔ یہ ایک کیڑے مار دوا کا اسپرے ہے۔

***** ***** *****

لاتور ضلع انتظامیہ نے کسانوں سے آئندہ پچیس تاریخ تک ای - کے وائی سی کا عمل مکمل کر لینے کی اپیل کی ہے۔ 2024 کے خریف ہنگام کے دوران زوردار بارشوں سے فصلوں کو ہونے والے نقصان کیلئے سرکاری امداد کی حصول کیلئے یہ ای کے وائی سی لازمی ہے۔ ضلع کلکٹر دفتر نے مطلع کیا ہے کہ 21 کروڑ 77 لاکھ روپے کے فنڈز کی تقسیم ابھی باقی ہے کیونکہ لاتور ضلع میں اب تک 24 ہزار 382 کسانوں نے ای - کے وائی سی مکمل نہیں کی ہے۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلعے کے ماہور میں اسکائی واک کے کام کا کل ضلع کلکٹر راہول کرڈیلے نے معائنہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ اسکائی واک کے منصوبے سے ماہور کی رونق میں چار چاند لگ جائیں گے اور اس اسکائی واک کی تعمیر کیلئے جن لوگوں کو اپنی زمین چھوڑنی پڑی ہے انہیں متبادل جگہ فراہم کی جائے گی۔

***** ***** *****

بیڑ ضلعے میں کنویں کے کام کے دوران جلیٹن پھٹنے سے ایک مزدور کی موت ہوگئی اور تین دیگر زخمی ہو گئے۔ یہ حادثہ امبہ جوگائی تعلقہ کے تلے گاؤں گھاٹ شیوار میں کل صبح پیش آیا۔ شدید زخمیوں میں سے دو لاتور کے ایک خانگی اسپتال میں زیرِ علاج ہیں، جبکہ ایک زخمی مزدور امبہ جوگائی کے اسپتال میں زیرِ علاج ہے۔

***** ***** *****

ریاست میں کل سب سے زیادہ درجہ حرارت برہما پوری میں 41 اعشاریہ پانچ ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔ مراٹھواڑہ کے، چھترپتی سمبھا جی نگر میں 37.7 ڈگری سیلسیس درجہ حرارت درج کیا گیا، جبکہ پربھنی میں 39.3 ڈگری درج ہوا۔ محکمہ موسمیات نے آئندہ دو دنوں میں ودربھ اور مراٹھواڑہ کے کچھ مقامات پر بارش ہونے کا اندازہ ظاہر کیا ہے۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ بھیم UPI کے ذریعے چھوٹے کاروباروں کوفروغ دینے کیلئے مرکزی حکومت کی ترغیبی اسکیم۔

☆ چھتر پتی شیواجی مہاراج سے متعلق بھارت گورو ریلوے شروع کرنے کا مرکزی حکومت کا فیصلہ۔

☆ مہاراشٹر میں جرائم میں کمی؛ جرائم کے معاملے میں ملک میں آٹھویں نمبر پر: وزیرِ اعلیٰ کی اطلاع۔

☆ چھتر پتی سمبھا جی نگر ضلع انتظامیہ کی ''ضلع کلکٹر تحصیل دروازے پر'' مہم۔

اور۔۔۔☆ پیٹھن میں آج سنت ایکناتھ مہاراج کی ناتھ ششٹھی تقریب۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھتر پتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****